UK Government

# ایمرجنسی الرٹس سسٹم کا حقائق نامہ

## آنے والا قومی ٹیسٹ

یوکے کا ایمرجنسی الرٹس سسٹم قومی سطح پر **اتوار 7 ستمبر 2025** کو تقریباً **1500 گھنٹوں (3:00 PM)** پر ٹیسٹ کیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے، gov.uk/alerts ملاحظہ کریں۔

## ایمرجنسی الرٹس کا تعارف

ایمرجنسی الرٹس سسٹم لوگوں کو اس قابل بناتا ہے کہ اگر ایمرجنسی میں ان کی جان کو خطرہ لاحق ہو تو ان کے موبائل فون اور ٹیبلیٹ کے ذریعے ان سے رابطہ کیا جا سکے۔ یہ سسٹم آپ کو جان لیوا ایمرجنسیوں، جیسے شدید سیلاب، کے بارے میں خبردار کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

ایمرجنسی الرٹس جان لیوا صورتِ حال میں موافق 4G اور 5G موبائل فونز اور ٹیبلٹس پر بھیجے گئے پیغامات ہیں۔ صرف حکومت اور ایمرجنسی سروسز انہیں بھیج سکتی ہیں۔ آپ gov.uk/alerts پر چیک کر سکیں گے کہ کیا کوئی الرٹ حقیقی ہے۔ ایمرجنسی الرٹس کے لیے ذاتی معلومات (جیسے آپ کا ٹیلیفون نمبر، شناخت یا مقام) درکار نہیں ہوتیں۔ ایمرجنسی الرٹس یک طرفہ ہوتے ہیں اور حکومت کو کوئی فیڈ بیک فراہم نہیں کرتے۔

ایمرجنسی الرٹس ان بہت سے طریقوں میں سے صرف ایک ہو گا جن کے ذریعے حکومت ایمرجنسی صورتِ حال کے بارے میں عوام سے بات چیت کرتی ہے۔ لہذا اگر آپ کے پاس موبائل فون نہیں ہے، تو فکر نہ کریں – آپ کو پھر بھی میڈیا اور مقامی ایمرجنسی سروسز کے ذریعے با خبر کیا جائے گا۔

ایمرجنسی الرٹ دیگر اقسام کے پیغامات جیسے SMS 'ٹیکسٹ پیغامات' سے بہت مختلف نظر آتا اور سنائی دیتا ہے۔ اگر آپ کو ایمرجنسی الرٹ ملتا ہے تو آپ کو پتہ چل جائے گا کیونکہ آپ کو بلند سائرن کی طرح کی آواز سنائی دے گی اور آپ کا فون منفرد وائبریشن پیدا کرے گا۔ آپ کی اسکرین پر ایک پیغام آپ کو ایمرجنسی اور اس بارے میں بتائے گا کہ آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کے فون کی خصوصیات کے لحاظ سے، الرٹ اسکرین کو بڑا کر دے گا اور ہو سکتا ہے کہ والیوم کی ترتیبات کو اوور رائیڈ کر کے آپ کو پیغام پڑھ کر سنائے۔ فون سے آنے والا منفرد شور ان لوگوں کو بھی سنائی دینا چاہیے جو آلہ سماعت استعمال کرتے ہیں۔

اگر آپ کو کوئی الرٹ موصول ہوتا ہے تو براہ مہربانی پیغام کو احتیاط سے پڑھیں اور ہدایات پر عمل کریں۔ براہ کرم ان کی شکل و صورت اور انداز کو یاد رکھیں تاکہ اگر آپ کو دوبارہ کوئی الرٹ موصول ہو تو آپ اسے پہچان سکیں۔

آپ ایمرجنسی الرٹس میں عدم شرکت کا انتخاب کر سکتے ہیں، تاہم ہم پُر زور تجویز دیتے ہیں کہ انہیں آن رکھا جائے کیونکہ سسٹم کا مقصد یہ ہے کہ جب زندگیاں خطرے میں ہوں تو آپ کو خبردار کرے۔ اگر آپ عدم شرکت کا انتخاب کرنا چاہیں تو 'ایمرجنسی الرٹس' کو اپنی ترتیبات میں تلاش کر کے ایمرجنسی الرٹس کو آف کریں۔ اگر یہ کام نہ کرے، تو براہ مہربانی اپنے ڈیوائس کو بنانے والے سے رابطہ کریں۔ مزید ہدایات کے لیے gov.uk/alerts/opting-out پر جائیں

UK Government

## موٹر سائیکل سواروں کے لیے انتباہ

موٹر سائیکل چلاتے وقت یا اس پر سوار ہونے کی صورت میں آپ کو موبائل فون **نہیں** پکڑنا چاہیے۔ ایسا کرنا غیر قانونی ہے۔ اگر ڈرائیو کرتے ہوئے آپ کو الرٹ موصول ہو، تو اپنا فون نہ اٹھائیں اور پیغام کو پڑھنے کی کوشش نہ کریں۔ نارمل انداز میں ڈرائیو کرتے رہیں اور اپنی سواری کو مکمل کنٹرول میں رکھیں۔ اگر آپ کو اپنا فون دیکھنے کی ضرورت محسوس ہو تو آپ کو پہلے ایک محفوظ اور قانونی جگہ تلاش کرنی چاہیے۔